نیوز ریلیز
شعبۂ تعلقات عامہ
سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

یوایس ایڈ کی جانب سے فاٹا میں صحتِ اطفال کیلئے 11.5 ملین ڈالر مالیت کے منصوبہ کا آغاز

اسلام آباد (16 ِ اکتوبر 2006ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) نے وفاق کے زیرانتظام قبائلی علاقوں (فاٹا) میں بچوں کو صحت کی سہولتیں فراہم کرنے کے تین سالہ منصوبہ پر عملدرآمد کرنے کیلئے ایک امریکی غیر سرکاری تنظیم سیوودی چلڈرن کو ساڑھے گیارہ ملین ڈالر کی گرانٹ دی ہے۔

یکم اکتوبر 2006ء سے شروع ہونے والے اس منصوبہ کے تحت فاٹا میں پانچ سال کی عمر تک کے بچوں کو ایک طبی پیکج دیا جائے گا جس میں حفاظتی ٹیکے، پھیپھڑوں میں عفونت کے علاج، اسہال اور نوزائیدہ بچوں کی دیکھ بھال اور غذا کی سہولتیں شامل ہوں گی۔

اس پیکج سے قبائلی ایجنسی کے ہیڈکوارٹر اسپتالوں اور ایجنسی کی طبی ٹیموں کو بھی مستحکم کیا جائے گا جو فوری اور نمایاں ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ علاقہ میں صحت کے نظام کو مزید بہتر بنانے کیلئے عوام کے تعاون کو حاصل کرنا اس پروگرام کے لئے ایک چیلنج کی حیثیت رکھتا ہے۔

یوایس ایڈ کی مالی اعانت سے شروع کئے جانے والے اس منصوبہ کا بنیادی مقصد علاقہ کے بچوں کی صحت کے متعلق اصولوں اور عملی طریقوں کو مقبول عام بنانا ہے۔ اس منصوبہ کے ذریعہ فاٹا میں 1,512,00 خواتین کو جو تولیدی عمر سے تعلق رکھتی ہیں صفائی ستھرائی، غذا و غذائیت، نوزائیدہ بچوں کی دیکھ بھال اور عام بیماریوں سے بچاؤ کے اقدامات کے حوالے سے آگہی فراہم کی جائے گی، جن سے مقامی باشندے مکمل طور پر نابلد ہیں۔

فاٹا میں بچوں کی صحت کا یہ منصوبہ حکومت امریکہ کی جانب سے پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت، نظم ونسق، اقتصادی ترقی اور سلامتی کیلئے دی جانے والی 3 ارب ڈالر امداد کا حصہ ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3